© rasailojaraid.com

ابوسفیان تائبؔ

# ترانۂ شُبّانِ احرار

ہم ہیں شُبّانِ احرار
دین کے گلشن کی ہیں بہار
اس گلشن کی خاطر یا ربّ!
جاں دینے کا ہے اقرار
ہم ہیں شُبّانِ احرار
دین کے گلشن کی ہیں بہار
ہم توحید کے ہیں دیوانے
ختم نبوت کے پروانے
آزادی کے ہیں مستانے
سچائی ہے اپنا شعار
ہم ہیں شُبّانِ احرار
دین کے گلشن کی ہیں بہار
تائبؔ بھی ہے ساتھ تمہارے
اب گونجیں گے تکبیر کے نعرے
ہم ہیں شُبّانِ احرار

جھوٹی نبوت چلنے نہ دیں گے
اس ناسور کو پلنے نہ دیں گے
اب بھی فضا میں گونج رہی ہے
امیر شریعتؒ کی للکار
ہم ہیں شُبّانِ احرار
دین کے گلشن کی ہیں بہار
مکرِ فرنگی چاک کریں گے
ظلم سے دنیا پاک کریں گے
ہر باطل کو خاک کریں گے
ہم اسلام کی ہیں یلغار
ہم ہیں شُبّانِ احرار
دین کے گلشن کی ہیں بہار
ہاتھوں میں ہیں ہاتھ ہمارے
چمکے خالدؓ کی تلوار
دین کے گلشن کی بہار

اس گلشن کی خاطر یارب!
جان دینے کا ہے اقرار


© rasailojaraid.com